باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بلوچستان کا حقیقی ترجمان

ایڈیٹر: ایوب ترین

Daily KHABARDAR

روزنامہ خبردار کوئٹہ

صفحات: 4 قیمت: 10 روپے

Email:khabardarqta@gmail.com Ph: 081-2837382Fax: 081-2837383

جلد نمبر 25 | بروز منگل 31 مئی 2022ء بمطابق 1443ھ | شمارہ نمبر 140

اداروں کی صوبے میں خوش اسلوبی سے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد پر مبارکباد دیتے ہیں

اختیارات نچلی سطح تک منتقلی کیلئے بلدیاتی انتخابات گیم چینجر ثابت ہوں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

حکومت نے صوبے کی بہتری اور ریونیو میں اضافے کیلئے ریکوڈک کا تاریخی معاہدہ کیا جس سے ملک میں آٹھ ارب ڈالر کی سرمایہ کاری آرہی ہے اور صوبے کو بھی اس منصوبے سے مجموعی طور پر 36 فیصد حصہ ملے گا

فنڈز کا اجراء بروقت ہو اور جن ترقیاتی منصوبوں کیلئے مزید فنڈز درکار ہوں گے انہیں اور فنڈز بھی دیئے جائیں گے آگے بڑھنے کیلئے ہم سب کو ایک ٹیم کی صورت کام کرنے کی ضرورت ہے حالیہ عدم اعتماد کی تحریک کو جس طرح ناکام بنایا گیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ ہم اپوزیشن اور سب سیاسی جماعتوں کو ساتھ لیکر چلنے پر یقین رکھتے ہیں گذشتہ حکومت میں اپوزیشن کے ساتھ ناروا سلوک رکھا گیا اور ان کے حلقوں کو نظر انداز کیا گیا ہر حلقے کے عوام کا حق ہے کہ انہیں بنیادی سہولتیں دی جائیں ہم نے ساتھ مل کر صوبے کی تعمیر و ترقی کیلئے کام کرنا ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام مدرسہ خیر المدارس میں منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 56)

صدر مملکت نے بلیغ الرحمن کی بطور گورنر پنجاب تعیناتی کی منظوری دے دی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے محمد بلیغ الرحمن کی بطور گورنر پنجاب تعیناتی کی منظوری دے دی۔ صدر عارف علوی کی جانب سے منظوری (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 6)

مریم نواز کا عمران خان پر اسرائیل سے خاندانی واسطہ ہونے کا الزام

لاہور (نیوز ڈیسک) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین عمران خان پر اسرائیل سے خاندانی واسطہ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 5)

عمرانی دور میں اسرائیلی طیارہ پاکستان آنے اور ایک چہیتے کے جانے کا چرچا رہا، خواجہ آصف

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عمرانی دور میں اسرائیلی طیارہ پاکستان آنے اور ایک چہیتے کے جانے کا چرچا رہا، اسرائیل جانے والوں کو سابق (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 4)

این آر او کون مانگ رہا تھا یہ سب نے سن لیا ہے، شیری رحمن

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما اور وفاقی وزیر شیری رحمن نے کہا ہے کہ ہم نے سلیکٹڈ حکومت سے کبھی کوئی رعایت نہیں مانگی تھی، این آر او کون مانگ ر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 3)

وفاقی کابینہ میں توسیع، سینیٹر شہادت اعوان نے وزیر مملکت کا حلف اٹھالیا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی کابینہ میں مزید توسیع کر دی گئی ہے اور پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے سینیٹر شہادت اعوان کو وفاقی کابینہ کا حصہ بنایا گیا ہے، وہ وزیر مملکت ہوں گے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 2)

نیب ترمیمی بل اور الیکشن ایکٹ ترمیمی بل منظوری کے لئے صدر مملکت کو ارسال

صدر مملکت کی منظوری کے بعد دونوں بلز ایکٹ آف پارلیمنٹ بن جائیں گے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نیب ترمیمی بل اور الیکشن ایکٹ ترمیمی بل منظوری کے لئے صدر مملکت عارف علوی کو بھجوا دیئے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی سے منظور کردہ انتخابات ترمیمی بل اور نیب ترمیمی بل 2022ء وزارت پارلیمانی امور نے اب صدر پاکستان (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 7)

شہباز شریف نے ملک میں آٹے کی قیمتوں میں اضافے کا سخت نوٹس لے لیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک میں آٹے کی قیمتوں میں اضافے کا سخت نوٹس لے لیا، متعلقہ وزیروں اور وزارتوں سے رپورٹ طلب کرلی، ذرائع (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 8)

تمام مزاحمتیں ہٹائیں گے، سی پیک پاکستان کو آگے لے کر جانے کا اہم ذریعہ ہے، وزیراعظم

ہم نے عزم کیا ہے چیلنجز سے نمٹیں گے، اس میں کوئی شک نہیں یہ مشکل ہے، لیکن ہم تمام مزاحمتیں ہٹائیں گے، راستے میں حائل رکاوٹوں کے تمام تر پہاڑوں کو سر کریں گے

چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تحریری شرائط کی نہیں چین کے تعاون کی ضرورت ہے، سی پیک کے بغیر ہمیں مشکل حالات کا سامنا تھا، ہم صدر شی پنگ اور چین کے مشکور ہیں، شہباز شریف کی چینی سرمایہ کار کمپنیوں کے نمائندگان سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش مسائل سے نمٹنے کے لیے مالی، امدادی اور تجارتی شرائط کی ضرورت نہیں ہے بلکہ ہمیں اپنے چینی دوستوں کے تعاون کی ضرورت ہے۔ اسلام آباد میں چینی سرمایہ کار کمپنیوں کے نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان اور چین کی دوستی گہری اور مضبوط خطے میں سب سے پرانی دوستی ہے، چین ہمارا سچا اور با اعتبار دوست ہے اور ہر مشکل وقت میں پاکستان کے ساتھ کھڑا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا خیال ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی گہری اور مضبوط ہے اور یہ شہد کی طرح میٹھی ہے، یہ دوستی طوفان، زلزلوں اور سیلابوں میں بھی نہیں لڑکھڑائی اور ہر گزرتے لمحے کے ساتھ مضبوط ہوئی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ میری یہ خوش نصیبی ہے کہ میں نے آپ سے ملاقات کی تاکہ یہ پیغام دے سکوں کہ پاکستان ہر شعبے میں چین کے تعاون کا متلاشی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ میں ایمانداری سے کہہ رہا کہ گزشتہ دو دہائیوں میں چین کی بے مثال ترقی کی یہ پاکستان کے لیے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 39)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے صوبائی وزیر میر اسد بلیدی کی قیادت میں محکمہ مواصلات کے بحال ہونے والے ملازمین ملاقات کر رہے ہیں

سپریم کورٹ سے تحفظ چاہتے آزادی مارچ کیلئے رولنگ کا انتظار ہے، عمران خان

شریفوں کے کیسز پر سپریم کورٹ مانیٹر جج بنائے اور کیسز خود سنے

جیسے ہمارے حق میں نکلی، کسی صورت امپورٹڈ، چوروں کو قبول نہیں کریں گے، پشاور میں وکلاء کنونشن سے خطاب

پشاور (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ آزادی مارچ کے لیے سپریم کورٹ کی رولنگ کا انتظار کر رہے ہیں، سپریم کورٹ نے دوبارہ مارچ کیلئے تحفظ نہ دیا تو اس بار پوری تیاری سے اسلام آباد آئینگے، شریفوں کے کیسز پر سپریم کورٹ مانیٹر جج بنائے اور کیسز خود سنے، مارچ میں بغیر تیاری کے جا کر پھنس گئے، وزیراعلیٰ پنجاب اکثریت کھو چکے، انہیں فوری طور پر ہٹایا جائے، پاکستان میں سب حکومتیں کرپشن کے الزامات کے تحت گئیں، ہماری پہلی حکومت ہے جس پر کرپشن کا کوئی الزام نہیں، جو مراسلہ امریکا سے آیا اس میں واضح طور (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 9)

ڈی سی سی کا بلدیاتی انتخابات کے کامیاب انعقاد پر تمام اداروں کو مبارکباد

انتخابات کے عمل کو فیئر بنانے اور امن و امان کی صورتحال کو کنٹرول کرنے میں ان کی کاوشیں قابل ستائش ہیں، منصور احمد قاضی

سی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سی منصور احمد قاضی نے اپنے خصوصی پیغام میں بلدیاتی انتخابات کے پرامن انعقاد پر پولیس، لیویز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے اور دیگر محکموں کے افسران و سٹاف کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس شدید گرمی میں سکیورٹی اداروں اور دیگر محکموں کے اہلکاروں نے پولنگ کے عمل کو پرامن طریقے سے جاری رکھنے میں جس جانفشانی اور (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 38)

بلوچستان کے 32 اضلاع میں بلدیاتی انتخابات کے نتائج مکمل، آزاد امیدواروں نے میدان مار لیا

سیاسی جماعتوں میں جمعیت علماء اسلام پہلے، بلوچستان عوامی پارٹی دوسری، نیشنل پارٹی تیسری، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی چوتھے اور بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل گروپ پانچویں پوزیشن پر رہی

آزاد امیدواروں نے اب تک ایک ہزار 487 نشستیں حاصل کرلی ہیں، پارٹی 58 اور بی این پی عوامی 43 سیٹوں پر کامیاب رہی، اے این پی کی 24 اور پی ٹی آئی کی 23 نشستیں رہیں، غیر سرکاری و غیر حتمی نتائج

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے 32 اضلاع میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے نتائج مکمل ہو گئے آزاد امیدوار سب سے آگے، سیاسی جماعتوں میں جمعیت علماء اسلام پہلے، بلوچستان عوامی پارٹی دوسری، نیشنل پارٹی تیسری، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی چوتھے اور بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل گروپ پانچویں پوزیشن پر رہی، غیر سرکاری اور غیر حتمی نتائج کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے 32 اضلاع میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے نتائج مکمل ہو گئے آزاد امیدواروں نے اب تک ایک ہزار 487 نشستیں حاصل کرلی ہیں جب کہ غیر حتمی اور غیر سرکاری نتائج کے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 1)

دعا زہرہ کو پیش نہ کرنے پر سندھ ہائی کورٹ نے آئی جی کو کام سے روک دیا

عدالت نے دعا زہرہ کو پیش نہ کرنے کی صورت میں آئی جی سندھ کیخلاف سخت کارروائی کا عندیہ دیا تھا

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ نے دعا زہرہ کو پیش نہ کرنے پر آئی جی سندھ کامران فضل کو کام سے روک دیا۔ سندھ ہائی کورٹ میں دعا زہرہ کے مبینہ اغوا سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔ عدالتی حکم کے باوجود پولیس دعا زہرہ کو پیش کرنے میں ناکام ر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 36)

سکھر، غیرت کے نام پر 10 گھر نذر آتش، بچی زندہ جل گئی

سکھر (آن لائن) چوہان برادری سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون اور اس کی بہن کے مبینہ اغوا پر مشتعل مسلح افراد (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 17)

کاروان حاجی اکبر آسکانی پی بی 48 کے رہنما رئیس ماجد شاہ کی پی بی 48 کے کامیاب کونسلران کو مبارکباد دی

کوئٹہ (آن لائن) کاروان حاجی اکبر آسکانی پی بی 48 کے رہنما رئیس ماجد شاہ نے پی بی 48 کے کامیاب کونسلران کو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 16)

صوبائی حکومت صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے ٹھوس اقدامات اُٹھا رہی ہے، چیف سیکرٹری

حکومت کی صحیح سمت میں رہنمائی میں میڈیا اور صحافیوں کا بڑا اہم کردار ہے

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سے ایڈیٹرز کونسل ڈیلی نیوز بیورو، کوئٹہ پریس کلب اور بلوچستان یونین آف جرنلسٹ کے نمائندوں پر مشتمل ایک وفد نے سینئر صحافی محمد جاوید کی قیادت میں ملاقات کی۔ اس موقع پر سیکرٹری اطلاعات عمران خان (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 54)

ملک کے فضائی دفاع کو مضبوط بنانے میں پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر مکمل اعتماد ہے، شہباز شریف

حکومت پاکستان ایئر فورس کو عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق ہر قسم کے وسائل فراہم کرے گی، وزیراعظم کی ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سے بات چیت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک کے فضائی دفاع کو مضبوط بنانے میں پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر مکمل اعتماد ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سے بات چیت کے دوران کیا۔ جنہوں نے یہاں ان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاک فضائیہ سے متعلق پیشہ ورانہ امور پر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 34)

فلسطین کی حمایت میں پاکستانی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، مریم اورنگزیب

حکومت نے اسرائیل کا دورہ کرنے والے پی ٹی وی اینکر پرسن احمد قریشی کو برطرف کر دیا

اینکر پرسن اپنی ذاتی حیثیت میں اسرائیل کے دورے پر گئے تھے، وفاقی وزیر اطلاعات کا بیان

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ حکومت نے حالیہ دنوں میں اسرائیل کا دورہ کرنے والے پی ٹی وی کے اینکر پرسن احمد قریشی کو آف ائیر اور برطرف کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ اینکر پرسن اپنی ذاتی حیثیت میں اسرائیل کے دورے پر گئے تھے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ فلسطین کی حمایت میں پاکستانی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں اور اس ضمن میں دفتر خارجہ پہلے ہی وضاحت جاری کر چکا ہے۔ قبل ازیں دفتر خارجہ نے پاکستان کے کسی بھی وفد کے دورہ اسرائیل کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے کسی وفد کے دورہ اسرائیل کا تصور واضح مسترد کرتے ہیں، زیر بحث دورے کا اہتمام غیر ملکی این جی او نے کیا تھا جو پاکستان میں مقیم نہیں، مسئلہ فلسطین پر پاکستان کا مؤقف (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 32)

پاکستان انڈونیشیا مشترکہ دفاعی تعاون کمیٹی کے اجلاس کے تیسرے دور کا جکارتا میں انعقاد

فریقین کا علاقائی سلامتی، انسداد دہشت گردی کے اقدامات اور اپنے خطوں میں ان کے ذروع سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (آن لائن) پاکستان۔ انڈونیشیا مشترکہ دفاعی تعاون کمیٹی کے اجلاس کا تیسرا دور عملی طور پر جکارتا میں متعلقہ وزارت دفاع میں منعقد ہوا۔ ریئر ایڈمرل فیصل امین، ایڈیشنل سیکرٹری، وزارت دفاع اسلامی جمہوریہ پاکستان اور میجر جنرل ڈاکٹر روڈان پیڈراسن، ڈائریکٹر جنرل اسٹریٹجک ڈیفنس، وزارت دفاع، جمہوریہ انڈونیشیا نے اجلاس کی صدارت کی۔ ملاقات کے دوران فریقین نے علاقائی سلامتی، انسداد دہشت گردی کے اقدامات اور اپنے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 31)

صوبائی حکومت صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے ٹھوس اقدامات اُٹھا رہی ہے، چیف سیکرٹری

حکومت کی صحیح سمت میں رہنمائی میں میڈیا اور صحافیوں کا بڑا اہم کردار ہے

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سے ایڈیٹرز کونسل ڈیلی نیوز بیورو، کوئٹہ پریس کلب اور بلوچستان یونین آف جرنلسٹ کے نمائندوں پر مشتمل ایک وفد نے سینئر صحافی محمد جاوید کی قیادت میں ملاقات کی۔ اس موقع پر سیکرٹری اطلاعات عمران خان (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 54)

غیر قانونی اثاثہ جات کیس، عمران تاج لچکی کی ضمانت بعد از سزا کی درخواست مسترد کر دی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ نے غیر قانونی اثاثہ جات کیس میں سزا یافتہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے سابق سٹاف افسر عمران تاج لچکی کی ضمانت بعد از سزا کی درخواست مسترد کر دی ہے۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس روز (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 29)

کابل ایئرپورٹ پر ریڈار کی خرابی، پروازوں کی رہنمائی پاکستان سے کی جائے گی

کابل (آن لائن) افغانستان کے دارالحکومت کابل کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ریڈار خراب ہو گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کابل انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر نصب ریڈار خراب (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 28)

سمندر پار پاکستانیوں کو حق رائے دہی سے محروم کرنے پر شہری عدالت پہنچ گیا

سمندر پار پاکستانیوں کو حق رائے دہی کی اجازت دی جائے، درخواست میں موقف

اسلام آباد (جی این ایم) سمندر پار پاکستانیوں کو حق رائے دہی سے محروم کرنے کے معاملے پر شہری نے اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کرلیا، شہری کی درخواست ہے کہ الیکشن ترمیمی ایکٹ 2022 کو غیر قانونی قرار دے کر کالعدم قرار دیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق شہری نے الیکشن ترمیمی ایکٹ 2022 اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا، بیکر یٹری وز (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 30)

بلوچستان بلدیاتی انتخابات، 17000 سے زائد امیدواروں نے بھرپور حصہ لیا

صوبائی حکومت نے غیر جانبدرانہ اور صاف شفاف انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنایا

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے 34 میں سے 32 اضلاع میں منعقد ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں 17000 سے زائد امیدواروں نے بھرپور حصہ لیا۔ صوبائی حکومت نے غیر جانبدرانہ اور صاف شفاف انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنایا۔ انتخابات کے انعقاد کے لیے سکیورٹی اداروں اور انتظامیہ نے ہر ممکن حد تک پرامن ماحول فراہم کیا۔ ضلع کوئٹہ اور (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 10)

وزیراعلیٰ بلوچستان ملک سکندر خان ایڈووکیٹ کے ہمراہ حلقہ پی بی 25 کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ کے ہمراہ حلقہ پی بی 25 کا دورہ کیا جس میں وزیراعلیٰ، شہر کے نواحی علاقے نواں کلی، کلی عمر کلی، گل محمد اور کلی شاہوگ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 55)

وزیراعظم نے ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی بحالی اور بجٹ میں کٹوتی نہ کرنے کی ہدایات

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی بحالی اور بجٹ 2022-23 میں کٹوتی نہ کرنے کی ہدایات جاری کر دیں۔ وزیراعظم نے ہدا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 35)

سینیٹ اجلاس، اپوزیشن اراکین نے پاکستانی وفد کے دورہ اسرائیل پر تشویش کا اظہار

حکومت اپنی پوزیشن واضح کرے اور تمام افراد کی شناخت قوم کے سامنے لائی جائے، اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (آن لائن) سینٹ اجلاس کے دوران اپوزیشن اراکین نے پاکستانی وفد کے دورہ اسرائیل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس پر ایوان کو اعتماد میں لیا جائے اور اس دورے کی تحقیقات کرنے کا مطالبہ کیا ہے، اراکین نے وفد میں شامل پاکستانیوں کے پاسپورٹ کینسل کرنے اور این جی او پر پابندی لگانے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ سوموار کے روز سینیٹ اجلاس کے دوران (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 11)

ڈاکٹر عارف علوی کی ایف بی آر کو غیر رجسٹرڈ چینی ڈیلرز کو ٹیکس نیٹ میں لانے کی ہدایت

ایف بی آر کی وفاقی ٹیکس محتسب کی ہدایات کے خلاف 25 درخواستیں مسترد کر دی گئیں

اسلام آباد (آن لائن) صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے ایف بی آر کو غیر رجسٹرڈ چینی ڈیلرز کو ٹیکس نیٹ میں لانے کی ہدایت کی ہے۔ صدر مملکت نے ایف بی آر کی وفاقی ٹیکس محتسب کی ہدایات کے خلاف 25 درخواستیں مسترد کر دی ہیں۔ اپنے حکمنامے میں صدر مملکت نے کہا ٹیکس وصولی بڑھانے کیلئے چینی کے بڑے خریداروں اور غیر رجسٹرڈ ڈیلرز کو ٹیکس (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 33)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کو پی بی 25 کے دورے کے موقع پر عوام کی جانب سے روایتی پگڑی پہنائی جا رہی ہے

جواپنی ضمانت پر گئے بھائی کو واپس نہ لا سکا وہ قوم کو کیا دے گا، شیخ رشید

بہت جلد صدر حکومت سے اعتماد کے ووٹ کے لیے کہے گا، اور سامراجی خواہشیں چکنا چور ہو جائیں گے، بیان

راولپنڈی (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید کا کہنا ہے کہ جو شہباز شریف 50 روپے عدالتی اسٹامپ کی گارنٹی پر 4 سال میں اپنے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 20)

لانگ مارچ کے دوران جلا گھر اکیس میں پی ٹی آئی رہنماؤں کی عبوری ضمانت منظور

سیشن کورٹ اسلام آباد نے تحریک انصاف کے رہنماں کی ضمانت منظور کر لی

اسلام آباد (جی این ایم) لانگ مارچ کے دوران جلا گھر اکیس میں پی ٹی آئی رہنماں کی عبوری ضمانت منظور۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسلام آباد سیشن کورٹ میں پاکستان (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 18)

بجٹ میں تمباکو نوشی پر عائد ٹیکسوں میں کم از کم 30 فیصد اضافہ کیا جائے، پیا کا مطالبہ

تمباکو سے جمع ہونیوالے تمام ٹیکسز کو صحت عامہ کے شعبے پر خرچ کیا جانا چاہیے، ڈاکٹر خبیب شاہد

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیا) نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ آنے والے بجٹ میں تمباکو نوشی پر عائد ٹیکسوں میں کم از کم 30 فیصد (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 21)

پشین میں موٹر سائیکل اور کار میں تصادم، 2 افراد جاں بحق 3 زخمی

کوئٹہ (اے این این) پشین میں موٹر سائیکل اور کار میں تصادم، 2 افراد جاں بحق 3 زخمی ہو گئے، اطلاعات کے مطابق پشین کے علاقے قلعہ بے زئی کے مقام پر تیز رفتار موٹر سائیکل اور گاڑی میں تصادم ہوا جس کے نتیجے میں دو افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ تین افراد (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 23)

نوشکی بلدیاتی انتخابات میونسپل کمیٹی نوشکی کا پہلا مرحلہ مکمل

نتائج کے اعلان کے بعد رات گئے نئے منتخب ہونے والے میونسپل کمیٹی کے کامیاب ممبران سے رابطہ کرنا شروع کر دیا گیا

نوشکی (آن لائن) نوشکی بلدیاتی انتخابات میونسپل کمیٹی نوشکی کا پہلا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد مخصوص نشستوں پر امیدواروں کے کامیابی کے بعد کون بنے کا میونسپل کمیٹی نوشکی کا چیرمین اور وائس چیرمین نئے چیرمین شپ کے لئے ناموں پر غور ہونا شروع ہوا ہے نتائج کے اعلان کے بعد رات گئے نئے منتخب ہونے والے میونسپل کمیٹی کے کامیاب ممبران سے رابطہ کرنا شروع کر دیا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 13)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں تمباکو نوشی کے خلاف عالمی دن آج منایا جا رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں تمباکو نوشی کے خلاف عالمی دن 31 مئی منگل کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد تمباکو نوشی کے انسانی صحت کو لاحق خطرا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 22)

ہر ادارے کو پاکستان کے مفاد کے بارے میں سوچنا چاہیے، شاہ محمود قریشی

حمزہ شہباز کا الیکشن اور حلف برداری کچھ بھی صحیح نہیں، پرویز الٰہی

لاہور (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما و سابق وفاقی وزیر شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ ہر ادارے کو پاکستان کے مفاد کے بارے میں سوچنا چاہیے اور ہٹ دھرمی کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیے، وہ وقت دور نہیں اب اسمبلی میں ان کا ٹرائل ہوگا اور سزا بھی ہوگی، حمزہ شہباز آئینی طور پر وزیراعلیٰ نہیں ہے، پنجاب میں ہمارے آئینی اور قانونی حق کو سلب کیا گیا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 14)

آصف زرداری اور ملک ریاض کی لیکڈ آڈیو کال پر قمر زمان کائرہ کا ردعمل

مجھے اس معاملے سے متعلق کچھ معلوم نہیں، چونکہ یہ ٹیلیفونک گفتگو ہے تو اس طرح کی گفتگو بنائی بھی جا سکتی ہے اور اصل بھی ہو سکتی ہے

اگرچہ آوازیں زرداری اور ملک ریاض سے ملتی جلتی ہیں لیکن آج کل ایسی آوازیں بنا لینا کوئی بڑا آرٹ نہیں، پی پی رہنما کی گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما قمر زمان کائرہ نے آصف زرداری اور ملک ریاض کے مابین ہونے والے لیکڈ آڈیو کال پر ردعمل دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ مجھے اس معاملے سے متعلق کچھ معلوم نہیں۔ اگر کسی نے رابطہ کیا ہے، کوئی ٹیلیفونک گفتگو ہوئی ہے یا پھر بیٹھ کر گفتگو ہوئی ہے تو یہ میرے علم میں نہیں ہے۔ آصف زرداری کراچی میں تھے۔ ان سے اس متعلق میری بات بھی نہیں ہوئی۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ چونکہ یہ ٹیلیفونک گفتگو ہے، اس طرح کی گفتگو بنائی بھی جا سکتی ہے اور اصل بھی ہو سکتی ہے۔ اگر کوئی گفتگو ہوئی تو آصف زرداری نے اس لیے کسی کے ساتھ شیئر نہیں کی ہو گی کہ انہوں نے پہلے ہی انکار کر دیا تھا۔ یہ آواز آصف زرداری اور ملک ریاض سے ملتی جلتی ہے لیکن ایسی آوازیں پیدا کر لی جاتی ہیں، یہ کوئی بڑا آرٹ نہیں ہے۔ تاہم اس متعلق میں تصدیق نہیں کر سکتا۔ خیال رہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 27)

سینیٹ اپوزیشن کا تحریک انصاف کے آزادی مارچ پر حکومتی تشدد پر شدید احتجاج، ایوان سے احتجاجاً واک آؤٹ

موجودہ حکومت نے ملکی خودمختاری کو گروی رکھ دیا ہے، حکومت کا یہی رویہ رہا تو ہم پورے ملک کو جام کر دیں گے، سینیٹر شبلی فراز

حکومت تحریک انصاف کو کسی صورت روک نہیں سکتی، چوری بھی کر رہے ہیں اور سینہ زوری بھی، حکومت امریکہ کی ہدایات پر چلتی ہے، سینیٹر محسن عزیز

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا میں اپوزیشن اراکین نے 25 مئی کو تحریک انصاف کے حقیقی آزادی مارچ پر حکومتی تشدد، لاٹھی چارج اور گرفتاریوں پر شدید احتجاج کرتے ہوئے ایوان سے احتجاجاً واک آؤٹ کر گئے۔ پیر کے روز سینیٹ اجلاس کے دوران تحریک التوا پر بات کرتے ہوئے سینیٹر اعظم سواتی نے کہا کہ ایوان کی توجہ ان واقعات کی جانب سے مبذول کرانا چاہتا ہوں جو پاکستان کے چپے چپے میں 25 مئی کی رات اور دن رونما ہوئے تھے اور اس دن چادر اور چار دیواری کا تقدس مجروح کیا گیا اور ریاستی تشدد اس قدر تھا انہوں نے کہا کہ ہماری بہنوں اور بچیوں کو ٹرکوں سے اتار کر روندا گیا کنٹینر لگا کر عوام کو روکا گیا عوام پر لاٹھی چارج کیا گیا اور زہریلی گیس استعمال کی گئی انہوں نے کہا کہ جب میں زخمی ہو کر ہسپتال پہنچا تو ہسپتالوں میں معصوم بچے ڈہریلی گیس سے تڑپ رہے تھے انہوں نے کہا کہ ان کو شرم آنی چاہیے جو علامہ اقبال کی بہو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 15)

لاپتہ افراد کا مسئلہ ہمارے لئے انتہائی اہم ہے نوابزادہ سلم رئیسانی

چیف جسٹس لاپتہ افراد سے متعلق سوموٹو نوٹس لیکر حکم دیں کہ تمام افراد کو عدالت میں پیش کیا جائے

امید ہے وفاقی حکومت کی تشکیل کردہ کمیٹی کے مثبت نتائج برآمد ہونگے، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان و چیف آف ساراوان نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا ہے کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ ہمارے لئے انتہائی اہم ہے، چیف جسٹس لاپتہ افراد سے متعلق سوموٹو نوٹس لیکر حکم دیں کہ تمام افراد کو عدالت میں پیش کیا جائے، لاپتہ افراد کی بازیابی ریاست کی ذمہ داری ہے، امید ہے کہ وفاقی حکومت کی تشکیل کردہ کمیٹی کے مثبت نتائج برآمد ہونگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ ہمارے لئے انتہائی اہم ہے، وفاقی حکومت کی جانب سے لاپتہ افراد کے سلسلے میں کمیٹی تشکیل دی گئی ہے ہمیں امید ہے کہ اس کے مثبت نتائج برآمد ہونگے، انہوں نے کہا کہ از خود نوٹس کا اختیار چیف جسٹس سپریم کورٹ کے پاس ہے چیف جسٹس آ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 12)

غیر قانونی اثاثہ جات کیس، عمران تاج لچکی کی ضمانت بعد از سزا کی درخواست مسترد کر دی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ نے غیر قانونی اثاثہ جات کیس میں سزا یافتہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے سابق سٹاف افسر عمران تاج لچکی کی ضمانت بعد از سزا کی درخواست مسترد کر دی ہے۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس روز (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 29)

کابل ایئرپورٹ پر ریڈار کی خرابی، پروازوں کی رہنمائی پاکستان سے کی جائے گی

کابل (آن لائن) افغانستان کے دارالحکومت کابل کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ پ

روزنامہ
خبردار
کوئٹہ
پبلشر محمد اسلم لاگو نے انڈس پرنٹر جناح روڈ سے چھپوا کر روزنامہ خبردار آفس نمبر D38 کبیر بلڈنگ جناح روڈ سے شائع کیا

بروز منگل 31 مئی 2022ء

khabardarquetta@gmail.com
khabardarqta@gmail.com

عوام پر بجلی بم گرادینے کی تیاری

یکم جولائی سے بجلی کی قیمت میں 8 روپے فی یونٹ تک اضافے کا امکان ہے۔ ذرائع وزارت توانائی کا کہنا ہے کہ بجلی کی قیمت میں اضافہ بنیادی ٹیرف کی مد میں کیا جائے گا، اس وقت ملک میں بجلی کا بنیادی ٹیرف ساڑھے 16 روپے فی یونٹ سے زیادہ ہے، اور نیپرا اور وزارت توانائی کا فیصلہ آنے پر اوسط بنیادی ٹیرف 24 روپے سے تجاوز کرسکتا ہے۔ ذرائع وزارت پیٹرولیم کے مطابق بجلی کی قیمت میں اضافے کا فیصلہ 10 بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی درخواستوں پر نیپرا کے فیصلوں کے بعد ہوگا، نیپرا 10 بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی ریونیو ضروریات کی درخواستوں پر ساعتیں مکمل کرچکا ہے اور رواں ہفتے درخواستوں پر نیپرا کی طرف سے فیصلے متوقع ہیں، فیصلے جاری ہونے کے بعد پاور ڈویژن بجلی کی قیمت بڑھانے کا حتمی فیصلہ کرسکے گی۔ ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ نیپرا کا فیصلہ آنے کے بعد وفاقی حکومت ٹارگٹڈ سبسڈی کا فیصلہ بھی کرے گی، فیول پرائسز، مہنگائی ڈالر، گردشی قرضہ اور کمپنی نقصانات کے سبب بجلی مہنگی ہوگی، اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ یکمشت نہیں مرحلہ وار ہوسکتا ہے۔

سابق صوبائی وزیر نوید بلوچ کی گرینڈ افطار ڈنر پارٹی سے کوئٹہ انٹرنیشنل ہوٹل کے موقع پر چکاچوند فیشن شو کا ایک منظر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ گندے پانی سے کاشت فصلوں کے خلاف کارروائی کرنے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ہرنائی، چشمہ خوبسیب کی جانب سے سیلابِ متاثرین کے بعد کارکنوں کو ہمارا جذبہ سے قائدین خطاب کررہے ہیں

وزیراعلیٰ قدوس بزنجو کی قیادت میں صوبہ درست سمت میں چل رہا ہے، اعجاز شنرانی

بلوچستان کی عوام کا کہنا ہے کہ ہمارے وزیراعلیٰ جام کمال ہیں اور ہم کسی صورت میں بھی ان کو تبدیل نہیں کریں گے، ہم ان کے ساتھ ہیں اور ان کی قیادت میں صوبہ درست سمت میں چل رہا ہے، ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر اعجاز شنرانی نے ہرنائی میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر ضلع کونسل ہرنائی کے چیئرمین حاجی عبدالصمد کاکڑ، ضلع کونسل ہرنائی کے وائس چیئرمین حاجی عبدالرحمان کاکڑ، سابق صوبائی وزیر میر عبدالقدوس بزنجو، سابق صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی، سابق صوبائی وزیر سردار یار محمد رند، سابق صوبائی وزیر سردار صالح بھوتانی، سابق صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران، سابق صوبائی وزیر سردار شوکت علی یفتالو، سابق صوبائی وزیر سردار عبدالرحیم زیارتوال

01

نے اب تک ایک ہزار 487 نشستیں حاصل کرلی ہیں جب کہ غیر حتمی اور غیر سرکاری نتائج کے مطابق سیاسی جماعتوں میں جمعیت علماء اسلام ف سب سے آگے ہے۔اس کے علاوہ بے یو آئی ایف نے کارپوریشن کی 14، میونسپل کمیٹیوں کی 58 اور یونین کونسلوں کی 188 نشستیں جیت کر اپنی نشستوں کی تعداد 260 تک پہنچالی۔ حکمراں بلوچستان عوامی پارٹی 213 سیٹوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر، نیشنل پارٹی 100 نشستوں کے ساتھ تیسرے نمبر پر آ گئی ہے جب کہ پشتون خوا میپ 95 سیٹیں حاصل کرسکی، سردار اختر جان مینگل کی جماعت بی این پی 79 سیٹیں جیت گئی ہے جب کہ پیپلز پارٹی 58 اور بی این پی عوامی 43 سیٹوں پر کامیاب رہی۔اے این پی کی 24 اور پی ٹی آئی کی 23 نشستیں رہیں، جمہوری وطن پارٹی 18 اور مسلم لیگ ن نے 15 نشستیں جیت لیں۔دوسری جانب جماعت اسلامی نے 7 سیٹیں حاصل کیں، پشتون خوا میپ نے پشین اور چمن کی میونسپل کارپوریشنوں کے انتخابات میں فتح حاصل کرلی۔جعفرآباد میں حکمراں بلوچستان عوامی پارٹی جیت گئی جب کہ کیچ میں نیشنل پارٹی نے میدان مارلیا۔پنجگور میونسپل کمیٹی میں بی این پی عوامی کامیاب رہی، میونسپل کمیٹی واشک میں بے یو آئی نے میدان مارلیا، گوادر میں ''گوادر کو حق دو'' گروپ جیت گیا۔

02

اس حوالے سے حلف برداری کی تقریب پیر کو ایوان صدر میں منعقد ہوئی ،صدر عارف علوی نے سینیٹر شہادت اعوان سے وزیر مملکت کے عہدے کا حلف لیا،وزیر اعظم نے چند روز قبل سینیٹر شہادت اعوان کو وزیر مملکت بنانے کی منظوری دی تھی اور ان کو سونپے جانے والے تعلیمبندان کا اعلان بعد میں کیا جائیگا

03

ہاتھا یہ سب نے سن لیا ہے، پیر کے روز اپنے ایک بیان شیری رحمٰن نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف حکومت کے بلڈوز کیے قوانین میں ترامیم اتحادی حکومت کا مشترکہ ایجنڈا ہے،نیب قوانین میں ترامیم پر پی ٹی آئی کے الزامات بلاجواز اور مضحکہ خیز ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ تحریک انصاف کے رہنما بھی جہاد کا اعلان کرتے کبھی مذاکرات کا کہتے ہیں، پونے 4 سال پی ٹی آئی حکومت نے نیب کے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا۔انہوں نے کہا کہ لوگوں کو گرفتار کر کے کئی دن کورٹ میں پیش نہیں کیا جاتا تھا، نئے قوانین میں نیب گرفتار شدگان کو 24 گھنٹوں میں کورٹ میں پیش کرنے کا پابند ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت میں مخالفین کو بغیر الخوائری کئی ماہ قید میں رکھا جاتا تھا، ترامیم کے بعد اب نیب 6 ماہ کے اندر انکوائری کا آغاز کرنے کا پابند ہوگا۔انہوں نے کہا کہ کثیف قوانین کی آڑ میں پی ٹی آئی حکومت نے مخالفین کو نشانہ بنانے کیلئے قوانین بنائے ،سابق حکومت کے آمرانہ قوانین میں ترامیم کرنا ہماری آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اتحاد کو غیر فطری وہ کہہ رہے ہیں جو اتحادیوں کی بیساکھی پر کھڑے رہے

04

حکومت میں کیوں اجازت دی گئی؟اس کا حساب دیں، ہم اقتدار کیلئے نظریات کا سودا نہیں کرتے۔ انہوں نے ٹویٹر پر اپنے ردعمل میں کہا کہ ہماری فلسطین اور کشمیر کاز کے ساتھ وابستگی ابدی ہے، اسرائیل جانے والوں کو سابق حکومت میں کیوں اجازت دی گئی؟عمرانی دور میں اسرائیلی طیارہ پاکستان آنے اور ایک چیتے کا اسرائیل جانے کا چرچا رہا، اس کا حساب دیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری فلسطین اور کشمیر کاز کے ساتھ کمٹمنٹ لازوال ہے اور کسی ابن الوقت کی طرح اقتدار کیلئے قومی مفاد پر سمجھوتہ نہیں کرتے، دوستی اور دشمنی نبھانے والے ہیں۔

05

ہونے کا الزام عائد کیا ہے۔انہوں نے سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک سے زائد ٹویٹس میں عمران خان کو مخاطب کر کے کہا کہ ''فتنہ خان پورے پاکستان میں واحد شخص تم ہو جس کا اسرائیل سے براہ راست خاندانی واسطہ ہے، ایک مسلمان پاکستانی کے مقابلے میں زیک گولڈ اسمتھ کی الیکشن مہم چلانے والے میں تمہیں وارننگ دیتی ہوں جھوٹ بولنے سے باز آجاؤ ورنہ منہ چھپانے کی جگہ نہیں ملے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ جھوٹے خط، جھوٹی عالمی سازش، قتل کا جھوٹا ڈرامہ فیل ہونے کے بعد تاریخ کے سب سے ناکام لانگ مارچ کے بعد اب اسرائیل وفد بھیجے جانے کی انتشار (عمران) خان کی ایک اور دونمبری (ہے)۔

06

وزیر اعظم کی ایڈوائس پر آئین

07

عارف علوی کو منظوری کے لئے ارسال کردیئے ہیں۔اس خبر کو بھی پڑھیں: نیب اور انتخابات سے متعلق ترمیمی بل سینیٹ سے منظور ذرائع کا کہنا ہے کہ دونوں بلز قومی اسمبلی سے منظوری کے بعد سینٹ سے بھی منظور ہو چکے ہیں، اور صدر مملکت کی منظوری کے بعد دونوں بلز ایکٹ آف پارلیمنٹ بن جائیں گے۔دوسری جانب تحریک انصاف نے دونوں بلز کو عدالت میں چیلنج کرنے کا اعلان کر رکھا ہے۔

08

نے بتایا کہ وزیر اعظم نے ملک بھر میں آٹے کی قیمت حکومتی اعلان کے مطابق بنانے کے لئے سخت اقدامات کی ہدایت کی ہے، شہباز شریف نے کہا کہ عوام کو لوٹنے کی اجازت نہیں دیں گے، عوام کو حکومتی نرخوں پر آٹے کی فراہمی یقینی بنائی جائے، وزیر اعظم نے فوڈ سیکورٹی، صنعت کی وزارتیں اور متعلقہ محکمے احکامات پر عمل درآمد کی رپورٹ آج ہی پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔

09

پر دھمکی دی گئی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشاور میں وکلاء کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔سابق وزیر اعظم نے کہا کہ ملک بچانے کو جہاد سمجھیں، یہ حقیقی آزادی کی جنگ ہے۔ ہماری حکومت کو کرپشن کی نہیں بلکہ سازش کے تحت گرایا گیا۔حکومت گرانے کے خلاف پاکستان کی تاریخ میں کبھی ایسی عوام نہیں نکلی، جیسے ہمارے حق میں نکلی، سازش کرنے والے خود دنگ رہ گئے کہ یہ لوگ کیسے ہمارے حق میں نکلے۔ پی ٹی آئی سربراہ نے مزید کہا کہ میں نے کہا تھا دوستی سب سے کریں گے، امن میں آپ کا ساتھ دیں گے، جنگ میں کسی کا ساتھ نہیں دیں گے۔

10

لبیلہ میں حلقہ بندیاں مکمل نہ ہونے کی وجہ سے الیکشن نہیں ہوئے۔ پرامن انتخابی مہم اور الیکشن مرحلے میں ووٹرز کی بھرپور شرکت بلوچستان کے عوام کا سیکیورٹی کی صورتحال اور جمہوری عمل پر بھرپور اعتماد ظاہر کرتے ہیں۔صوبے بھر میں تاریخی ووٹر ٹرن آؤٹ دیکھا جارہا ہے۔تخمینے کے مطابق ووٹر ٹرن آؤٹ خضدار میں سب سے زیادہ 72 فیصد رہا جہاں 75 فیصد مردوں اور 70 فیصد عورتوں نے ووٹ ڈالا۔ دوسرے نمبر پر گوادر میں ووٹر ٹرن آؤٹ 65 فیصد رہا۔ اسکے علاوہ بی میں ٹرن آؤٹ 59 فیصد جبکہ نصیرآباد، جعفرآباد، نوشکی، واشک، جھل مگسی اور بلوچستان کے دیگر اضلاع میں ووٹر ٹرن آؤٹ 50 فیصد سے زیادہ رہا جو انتہائی قابل ستائش اور خوش آئند ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ بلوچستان کی عوام امن پسند، جمہوری اور محب وطن پاکستانی ہیں بلوچستان کے عوام ریاست مخالف اور سماج دشمن عناصر کی دھمکیوں کی پروانہ کرتے ہوئے بڑی تعداد میں ووٹ ڈالنے نکلے اس کا سہرا بلوچستان کیا شعور عوام، صوبائی قیادت ، الیکشن کمیشن سول انتظامیہ، پاک آرمی، ایف سی، پولیس اور لیویز کو جاتا ہے۔

11

سینیٹر مشتاق احمد خان نے نکتہ اعتراض پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانیوں پر مشتمل ایک وفد اسرائیل گیا تھا اور اسرائیل کے صدر نے اس پر خوشی کا اظہار کیا ہے کہ وفد میں پاکستانی بھی شامل تھے انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے حکومت اپنی پوزیشن واضح کرے اور تمام افراد کی شناخت قوم کے سامنے لائی جائے انہوں نے کہا کہ احمد قریشی نامی شخص جو کہ پاکستانی ٹی وی پر ملازمت کرتا ہے اور افواج پاکستان کے ساتھ پرہی مختلف پراجیکٹ پر کام کرتا ہے ان کا اسرائیل کے دورے پر جانا بہت سے سوالات اٹھاتا ہے انہوں نے کہا کہ وہ کس اتھارٹی کے ساتھ اسرائیل گیا ہے

12

ف پاکستان سے لاپتہ افراد سے متعلق سوموٹو نوٹس لیکر حکم دے کہ لاپتہ افراد کو بازیاب کرکے انہیں عدالت میں پیش کیا جائے اور قصوروار ہیں تو قانون کے ذریعے انہیں سزا دیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ انجینئر ظہیر بلوچ ،وحید بلوچ کی بازیابی اور تمام لاپتہ افراد کو بازیاب کرانا ریاست کی ذمہ داری ہے ۔انہوں نے کہا کہ جو باتیں اور حرکتیں پی ٹی آئی والوں نے کی ہے اگر ایک بلوچ یہ باتیں کرتا تو ہمارے کئی لوگ لاپتہ ہوتے کئی گاؤں کو آگ لگادی جاتی اور ہزاروں بلوچوں کو غدار قرار دیا جاتا

13

گیا ہے ، اس وقت کامیاب آزاد امیدواروں کی تعداد گیارہ ہے جو لیڈ پر ہے سیاسی جماعتوں کے مقابلے میں بی این پی کے 6، جمعیت کے 2 اور نیشنل پارٹی کے ایک اور قبائلی شخصیت غلام حیدر سلائی کے میونسپل میں دو کامیاب امیدوار ہے میونسپل کمیٹی کے وارڈ میں میونسپل کمیٹی نوشکی کے سابقہ چیرمین سردار منظور پرکانی بھی دوبارہ کامیاب ہوچکے ہیں بی این پی کے ٹکٹ پر بلوچستان نیشنل پارٹی کی جانب سے متوقع امیدوار سردار منظور پرکانی ایڈوکیٹ میر لیاقت مینگل اور میر عزیز احمد بادینی ہوسکتے ہیں جبکہ جمعیت کی جانب سے خالد مینگل اور آزاد امیدواروں کی جانب سے یاسر حیات جمالدینی رمضان زہری ،علی احمد سلائی کے نام متوقع ہے، یادوسری صورت میں مخصوص نشستوں پر جو حال ہی میں منتخب ہوسکتے ہیں ان سے یا کوئی چہرہ سامنے آسکتے ہیں ،سابق ڈسٹرکٹ چیرمین حاجی میر حیات خان جمالدینی نے میونسپل کمیٹی میں مختلف جگہوں پر اپنے امیدوار کھڑے کیے تھے

14

،پنجاب کے ہر ضلعے میں کنٹینرز کھڑے کیے گئے اور لوگوں کو گرفتار کیا گیا، تحریک انصاف ڈٹ کر مقابلہ کرے گی۔شاہ محمود قریشی نے پرویز الٰہی سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر لوگ نہیں نکل رہے تھے تو کنٹینرز کیوں لگائے اور گرفتاریاں کیوں کی گئی؟ ،اگر ہمارے ساتھ لوگ نہیں تھے تو شیلنگ کیوں کی گئی؟ سوال یہ ہے کہ ضد میں کون ہے؟انہوں نے کہا کہ کس قانون میں لکھا ہے کہ پرامن احتجاج نہیں کیا جاسکتا، ہماری استدعا سن کر چیف جسٹس ایکبا کہ کنٹینرز ہٹائے جائیں، یہ غیر فطری اتحاد ہے، یہ عمران خان کو ہٹانے کے لیے اکٹھے ہوئے تھے۔انہوں نے کہا کہ مجھ پر 6 مقدمات درج کیے گئے ہیں، میں نے کیا کیا ہے جو مجھ پر مقدمات درج کیے گئے ہیں، دباؤ ڈالنے اور ہراساں کرنے کے لیے مقدمات درج کیے جارہے ہیں۔

15

کے گھر میں بھی داخل ہوگئے انہوں نے کہا کہ اس ایوان کے اندر 18 سال گزارے مگر ایوان کے اندر سے ایک لفظ بھی میرے متعلق نہیں کہا گیا افسوس ان کے گلے خشک ہوچکے تھے اور ایک امپورٹڈ حکومت کے سائے تلے اپنے دوست کی تیمارداری بھی نہ کرسکے انہوں نے کہا کہ میرا جرم کیا تھا کہ مجھے زخمی کیا گیا میں اخری وقت تک اس امپورٹڈ حکومت کے خلاف آواز اٹھا ؤنگا انہوں نے کہا کہ اس حکومت کے 60 فیصد وزراء ضمانتوں پر ہیں جبکہ وزیر اعظم اور وزیر اعلی پر فرد جرم عائد ہورہی ہے انہوں نے کہا کہ اس امپورٹڈ حکومت نے سارے اخلاقیات بھلا دیئے ہیں آج اندرون ملک اور بیرون ملک پاکستانی اس حکومت کے خلاف اٹھ کھڑے ہیں انہوں نے کہا کہ جن سہولت کاروں کے خلاف یہ باتیں کرتے تھے ان کو گالیاں دیتے تھے

16

مبارک باد دیتے ہوئے عوام وکارکنوں کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے انتہائی محنت وخلوص کے ساتھ یہ بات باور کرائی کہ میر حاجی اکبر آسکانی ناقابل شکست ہیں تمام تر کوششوں کے باوجود کامیاب رہے ہیں بھاری رہا میونسپل کمیٹی تمپ میں کامیاب حاجی اکبر آسکانی وہم خیال پینل نے تمپ میونسپل کمیٹی میں سیاسی مخالفین کی بدترین شکست ان کیلئے نہ صرف نوشتہ دیوار ہے بلکہ جنرل الیکشن کیلئے ایک ریفرنڈم ہے انہوں نے کہا کہ تمپ کے باشعور عوام نے یہ بات ثابت کردی کہ پی بی 48 کے عوام میر حاجی اکبر آسکانی کے ساتھ ہیں عوام کو میر حاجی اکبر آسکانی پر بھرپور اعتماد ہے یہ حلقہ میر حاجی اکبر آسکانی کا تھا، ہے، آئندہ بھی رہے گا انہوں نے کہا حالیہ بلدیاتی الیکشن نے مستقبل کے سیاست کی کا تعین کردیا ہے انہوں نے کہا کہ جہاں سیاسی مخالفین کی پوزیشن تھی وہاں سے بری طرح انہیں شکست کا سامنا رہا ان کو اب اندازہ ہوگیا ہے میر حاجی اکبر آسکانی کو شکست دینا چاند پر تھوکنے کے برابر ہے۔

17

کے ایک گروہ نے روہڑی کے قریب شام کالڈی گاؤں میں کم از کم 10 گھروں پر حملہ کر کے انہیں نذر آتش کردیا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق آگ کے شعلوں میں پھنسی 4 سالہ بچی اس واقعے میں دم توڑ گئی۔رپورٹ کے مطابق خاتون پنہور برادری سے تعلق رکھنے والے نوجوان کے ساتھ اپنی مرضی سے شادی کرنے کا ارادہ رکھتی تھی۔ جب وہ خاتون اپنی بہن کے ساتھ گھر سے نکلی تو متاثرہ خاندان نے برادری کے بزرگوں سے شکایت کی اور دعویٰ کیا کہ دونوں بہنوں کو پنہور کے کچھ افراد نے اغوا کیا ہے۔

اس واقعے پر بدامنی کے درمیان مشتعل افراد کے ایک گروپ نے پنہور برادری کے گھروں پر حملہ کیا اور ہوائی فائرنگ کا سہارا لیتے ہوئے توڑ پھوڑ کی جبکہ 10 سے زائد گھروں کو آگ لگادی گئی۔ پنہور برادری کے ارکان نے الزام لگایا کہ حملہ آوروں کا تعلق چوہان برادری سے ہے۔انہوں نے دو بار پولیس اسٹیشن کے اہلکاروں سے شکایت کی کہ چوہان برادری کے کچھ افراد نے ان کے گھروں کو نشانہ بناتے ہوئے ہنگامہ آرائی کی۔ان کا کہنا تھا کہ حملہ آوروں نے پنہور برادری کے محلے میں لوگوں کو ہراساں کرنے کے لیے ہوائی فائرنگ کا سہارا لیا اور بہت سے گھروں میں توڑ پھوڑ اور آگ لگا دی۔ پولیس گاؤں میں پہنچی لیکن پتا چلا کہ حملہ آور پہلے ہی علاقہ چھوڑ چکے ہیں۔اس دوران جلے ہوئے گھر سے 4 سالہ بچی کی لاش برآمد ہوئی اور شام تک اس کا نام معلوم نہیں ہوسکا۔

18

کے عوض ضمانت منظور کرلی ہے۔سیشن کورٹ اسلام آباد نیاسد عمر اور قاسم سوری کی ضمانت منظور کرلی ہے۔ عدالت نے فیصل جاوید، خرم نواز اور علی نواز اعوان کی بھی عبوری ضمانت منظور کرلی ہے۔ دوروز قبل اسلام آباد میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان، اسد عمر اور شاہ محمود قریشی سمیت پی ٹی آئی کے دیگر رہنماں کے خلاف 16 مقدمات درج کیے گئے تھے۔وفاقی دارالحکومت کے تھانہ کراچی کمپنی میں درج مقدمے میں شاہ محمود قریشی، شیریں مزاری، زرتاج گل، علی امین گنڈاپور اور خرم نواز کے نام بھی شامل ہیں۔پی ٹی آئی رہنماں کے خلاف راستوں کی بندش، کارسرکار میں مداخلت، پولیس پر حملہ اور املاک کو نقصان پہنچنے کی دفعات کے تحت مقدمات درج کیے۔پی ٹی آئی رہنماں اور کارکنوں کے خلاف مقدمات تھانہ آبپارہ، تھانہ ترنول، کوہسار، بہارہ کہو، رمنا، سیکرٹریٹ اور تھانہ لوہی بھیر میں درج کیے گئے ہیں۔جبکہ پی ٹی آئی لانگ مارچ کے دور ان جلاؤ گھیراؤ، توڑ پھوڑ پر تھانہ کراچی کمپنی میں پی ٹی آئی قیادت کے خلاف چھٹا مقدمہ درج کرلیا گیا ۔مقدمہ میں عمران خان، شاہ محمود قریشی، اسد عمر، علی نواز، فیصل جاوید، علی امین گنڈا پور، رابعہ خرم نواز ،سیف اللہ نیازی، ملک رفیق، شیریں مزاری، زرتاج گل ملزمان نامزد کیے گئے ہیں بمقدمہ میں دوسو نامعلوم افراد کو بھی ملزم ظاہر کیا گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزمان نے حکومت مخالف ریلی نکالی، نعرہ بازی اور دفعہ 144 کی خلاف ورزی کی، ملزمان کو منع کرنے پر مشتعل ہوکر پولیس سے مزاحمت کی، ملزمان نے پولیس پر پتھراؤ کیا، سرکاری و پرائیویٹ گاڑیوں کو نقصان پہنچایا۔ایف آئی آر کے مطابق ملزمان کے پتھراؤ سے سرکاری و نجی املاک کو بھی نقصان پہنچا،ایف آئی آر سب انسپکٹر سید عاصم غفار کی مدعیت میں درج کی گئی۔ علاوہ ازیں سرگودھا میں 25 مئی کو لانگ مارچ میں شرکت کے لئے موٹروے کی جالیاں کاٹ کر گاڑیاں موٹروے پر چڑھانے اور پولیس پر دھاوا بول کر ڈی ایس پی کی گاڑی کے شیشے توڑنے ،سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر دس نامزد اور 60 نامعلوم شرکا کا قافلہ کے خلاف پولیس نے مقدمہ درج کرلیا اور ملزمان کی گرفتاریوں کے لئے چھاپے مارتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔

19

بذریعہ ملک ریاض، آصف زرداری کو پیغام پہنچانے کی مبینہ آڈیو لیک ہوئی تھی آڈیو کے مطابق ملک ریاض نے سابق صدر آصف زرداری کو فون کیا، ہیلو اسلام علیکم سر، جس پر آصف زرداری نے جواب دیا وعلیکم السلام خیریت؟ ملک ریاض نے بات کرتے ہوئے کہا کہ سر بس بتانا تھا میں نے پہلے بھی آپ کو بتایا تھا، باتیں آپ کے ساتھ کرتی ہیں آپ نے کہا تھا بات نہیں کریں گے، آپ کو انفارمیشن دینی تھی خان کے مجھے بڑے میسجز ہیں کہ بچا آپ کردو، آج تو اس نے مجھے بڑے ہی میسجز کیے۔جس پر سابق صدر آصف زرداری نے کہا کہ اب امپاسیبل ہے نا۔اس پر ملک ریاض نے کہا کہ بس ٹھیک ہے میں نے کہا میں آپ کو بتا دوں۔ یاد رہے تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان جلسوں اور پریس کانفرنس میں سابق صدر آصف زرداری کو انتہائی برے الفاظ میں مخاطب کرتے رہے۔دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز گل نے ٹویٹر پر لیک آڈیو پر اپنے ردعمل میں کہا کہ ایک کاروباری شخص اور ایک عمران خان کا مخالف سیاستدان آپس میں بات چیت کر رہے ہیں جس میں عمران خان سے منسوب باتیں کی جا رہی ہیں جن باتوں کا حقیقت سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔ عمران خان کو کسی این آر او کی ضرورت نہیں بلکہ یہ تمام لوگ خان سے این آر او مانگتے رہے ہیں۔ جو کہ نہیں ملا۔ یہ سٹوری جھوٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی آڈیو پھیلائی) ایک نہیں (ہے جس میں دو دوست عمران خان کے حوالے سے بات کر رہے ہیں، سکرپٹ تو کوئی جاندار لکھ لیتے، کل کو میاں منشا صاحب اپنے کسی دوست سے بات کر رہے ہوں گے تو اس کا جواب وہ بھی کیا عمران خان ہوگا۔

20

ہوگیا، جس کی وجہ سے اب پروازوں کی رہنمائی پاکستان سے کی جائے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ 20 اگست 2022 تک کابل فضائی ریجن کی ریڈار سروس دستیاب نہیں ہوگی، اور اب ایشیا سے یورپ جانے اور واپس آنے والی تمام پروازوں کی رہنمائی پاکستانی ریڈار سروسز کے ذمے ہوگی۔ ملکی اور غیر ملکی پروازوں کی نگرانی لاہور، کراچی اور اسلام آباد ریڈار کے ذریعے کی جائے گی، محکمہ سول ایوی ایشن نے آنے جانے والی تمام پروازوں کو صورت حال سے آگاہ کردیا ہے۔ پاکستان کی حدود میں داخل ہونے والی پروازوں کو 15 منٹ پہلے اطلاع دینے کی ہدایت کردی گئی۔

21

استعمال کو کم کرنے میں سب سے زیادہ مددگار قدم ہے، بالخصوص کم آمدنی والے ممالک اور نوجوانوں میں تمباکو کا استعمال کم کرنے کے لیے یہ سب سے زیادہ موثر ہے۔ WHO کے فریم ورک کنونشن آف ٹوبیکو کنٹرول کے آرٹیکل 6 کا بھی لازمی تقاضا ہے کہ ہم ملک میں تمباکو کی قیمتوں کو بڑھا کر اس کے استعمال میں کمی لائیں۔ پیا کے مرکزی صدر ڈاکٹر ضیب شاہد نے انسداد تمباکو نوشی کے عالمی دن کے حوالے سے کہا کہ اگر پٹرول کی قیمت میں 30 روپے فی لیٹر اضافہ کیا جاسکتا ہے جس کے عام آدمی پر برا اور است مفی اثرات پڑیں گے تو تمباکو کی قیمتیں بڑھانے میں کیا امر مانع ہے، حالانکہ اس کا تعلق صحت عامہ کے شعبے سے ہے۔انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں 15 سال سے زائد عمر کے 31 ملین بالغ افراد تمباکو کا استعمال کرتے ہیں۔ خدشہ ہے کہ اگر تمباکو پر ٹیکس نہ بڑھایا گیا تو 2022-23ء میں 260,000 سے زیادہ لوگ سگریٹ نوشی شروع کردیں گے۔ طبی تحقیق سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ تمباکو نوشی انسانی جانوں کے ضیاع کا سبب بن رہی ہے اور ساتھ ہی ساتھ پھیپھڑوں اور منہ کے کینسر، جسمانی کمزوری و معذوری، دل کے امراض اور فالج کا باعث بھی ہے۔ 2017ء میں ایک اندازے کے مطابق پاکستان میں 163,360

22

ت اور اس کے مضر اثرات کے متعلق عوام کو آگاہ کرنا ہے اس سلسلے میں جہانیاں سمیت ملک بھر میں محکمہ صحت اور سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام تمباکو نوشی کی تباہ کاریوں کے متعلق آگاہی فراہم کی جائے گی۔ عالمی ادارہ صحت (WHO) کے مہمران نے 1987ء میں دنیا بھر میں ترک تمباکو نوشی کا دن منانے کا فیصلہ کیا جس کا مقصد دنیا بھر کی حکومتوں کو تمباکو نوشی کے مہلک اثرات سے محفوظ رکھنے کیلئے اقدامات کرنے کی جانب توجہ مبذول کروانا تھا جس کے بعد پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہر سال اکتیس مئی کو ترک تمباکو نوشی کا دن منایا جاتا ہے۔ عالمی ماہرین صحت کے مطابق تمباکو نوشی دنیا بھر میں ہائی بلڈ پریشر کے بعد اموات کی دوسری بڑی وجہ ہے

23

شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر کوئٹہ سول ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی کی جارہی ہے۔

24

تفتیشی آفیسر تعینات کردیا گیا عوامی سماجی حلقوں نے نئے ایس ایچ او کی تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کہ چوری رہزنی کی واقعات کو کنٹرول کی جائیگا۔

25

س کمیشن کی سفارش اور مجاز حکام کی پیشگی منظوری سے مس غزالہ دختر نذیر احمد انسٹرکٹر فائن آرٹس (پی بی ایس-17) ڈائریکٹوریٹ آف کلچر بلوچستان تعینات کردیا گیا ہے

26

خطوں میں امن کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریقین نے پچھلے راونڈ کے ایجنڈا آئٹمز اور موجودہ راونڈ کے تازہ ایجنڈا پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ دفاعی تعاون اور تربیتی تبادلوں کی موجودہ سطح کو مزید بڑھانے اور جدید ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں تعاون کے نئے شعبوں کا احاطہ کرنے پر باہمی اتفاق کیا گیا۔ اختتامی اجلاس میں پاکستان۔ انڈونیشیا مشترکہ دفاعی تعاون کمیٹی کے اجلاس کا اگلا دور 2023 میں جکارتہ میں بلانے پر باہمی اتفاق کیا گیا۔

27

بذریعہ ملک ریاض، آصف زرداری کو پیغام پہنچانے کی مبینہ آڈیو لیک ہوئی تھی آڈیو کے مطابق ملک ریاض نے سابق صدر آصف زرداری کو فون کیا، ہیلو اسلام علیکم سر، جس پر آصف زرداری نے جواب دیا وعلیکم السلام خیریت؟ ملک ریاض نے بات کرتے ہوئے کہا کہ سر بس بتانا تھا میں نے پہلے بھی آپ کو بتایا تھا، باتیں آپ کے ساتھ کرتی ہیں آپ نے کہا تھا بات نہیں کریں گے، آپ کو انفارمیشن دینی تھی خان کے مجھے بڑے میسجز ہیں کہ بچا آپ کردو، آج تو اس نے مجھے بڑے ہی میسجز کیے۔جس پر سابق صدر آصف زرداری نے کہا کہ اب امپاسیبل ہے نا۔اس پر ملک ریاض نے کہا کہ بس ٹھیک ہے میں نے کہا میں آپ کو بتا دوں۔ یاد رہے تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان جلسوں اور پریس کانفرنس میں سابق صدر آصف زرداری کو انتہائی برے الفاظ میں مخاطب کرتے رہے۔دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز گل نے ٹویٹر پر لیک آڈیو پر اپنے ردعمل میں کہا کہ ایک کاروباری شخص اور ایک عمران خان کا مخالف سیاستدان آپس میں بات چیت کر رہے ہیں جس میں عمران خان سے منسوب باتیں کی جا رہی ہیں جن باتوں کا حقیقت سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔ عمران خان کو کسی این آر او کی ضرورت نہیں بلکہ یہ تمام لوگ خان سے این آر او مانگتے رہے ہیں۔ جو کہ نہیں ملا۔ یہ سٹوری جھوٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی آڈیو پھیلائی) ایک نہیں (ہے جس میں دو دوست عمران خان کے حوالے سے بات کر رہے ہیں، سکرپٹ تو کوئی جاندار لکھ لیتے، کل کو میاں منشا صاحب اپنے کسی دوست سے بات کر رہے ہوں گے تو اس کا جواب وہ بھی کیا عمران خان ہوگا۔

28

ہوگیا، جس کی وجہ سے اب پروازوں کی رہنمائی پاکستان سے کی جائے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ 20 اگست 2022 تک کابل فضائی ریجن کی ریڈار سروس دستیاب نہیں ہوگی، اور اب ایشیا سے یورپ جانے اور واپس آنے والی تمام پروازوں کی رہنمائی پاکستانی ریڈار سروسز کے ذمے ہوگی۔ ملکی اور غیر ملکی پروازوں کی نگرانی لاہور، کراچی اور اسلام آباد ریڈار کے ذریعے کی جائے گی، محکمہ سول ایوی ایشن نے آنے جانے والی تمام پروازوں کو صورت حال سے آگاہ کردیا ہے۔ پاکستان کی حدود میں داخل ہونے والی پروازوں کو 15 منٹ پہلے اطلاع دینے کی ہدایت کردی گئی۔

29

ی خان جدبیچ پر مشتمل ڈویژن بنچ نے ملزم عمران لنگی کی جانب سے دائر درخواست پر فیصلہ سنایا۔ نیب کی جانب سے ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل جعفر رضا نے کیس کی پیروی کی۔ واضح رہے کہ احتساب عدالت کوئٹہ کے جج آفتاب احمد لون نے حاضر سروس سیکرٹری اور وزیر اعلی بلوچستان نواب اسلم رئیسانی کے سابق سٹاف افسر عمران لنگی کو غیر قانونی اثاثے بنانے کا جرم ثابت ہونے پر 8 کروڑ روپے جرمانہ اور 5 سال قید کی سزا سنائی تھی۔ جس پر ملزم نے ہائیکورٹ سے سزا کی معطلی اور ضمانت حاصل کرنے کے لئے رجوع کیا تاہم عدالت نے ملزم کی ضمانت کی درخواست مسترد کردی۔ نیب بلوچستان نے عمران تاج لنگی کی آمدن سے زائد اثاثہ جات کیس کی خلاف تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی کہ ملزم نے اسلام آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں غیر قانونی اثاثہ جات بنا رکھے ہیں، دوران تحقیقات ملزم کے گھر پر چھاپے کے دوران تقریبا سوا کروڑ روپے مالیت کے طلائی زیورات بشمول نقد رقم برآمد ہوئی۔ بعدازاں نیب کے دائر ریفرنس میں عدالت نے اکاکامات سے ملزم کی جانب سے غیر قانونی طور پر بنائی گئی کروڑوں روپے مالیت کی قیمتی جائدادوں، طلائی زیورات اور نقد رقم بھی بحق سرکار ضبط کردی گئیں جبکہ قریبی عزیز بے نامی داروں کے نام پر بنائی گئی کروڑوں روپے مالیت کی قیمتی جائدادوں کا فیصلا بھی آنا باقی ہے۔

30

ارت قانون وانصاف اور سیکریٹری الیکشن کمیشن کو درخواست میں فریق ظہرایا گیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو ووٹ کا حق دینے سے محروم رکھا گیا، گزشتہ حکومت نے الیکشن ایکٹ میں ترمیم کرکے اوورسیز کو ووٹ کا حق دیا تھا۔ درخواست کے مطابق آئین کا آرٹیکل 17 سمندر پار پاکستانیوں کو ووٹ کا حق دیتا ہے، 26 مئی کو حکومت نے اوورسیز پاکستانیوں کو حق رائے دہی سے محروم کردیا، الیکشن ترمیمی ایکٹ 2022 کو غیر قانونی قرار دے کر کالعدم قرار دیا جائے اور سمندر پار پاکستانیوں کو حق رائے دہی کی اجازت دی جائے۔

31

خطوں میں امن کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریقین نے پچھلے راونڈ کے ایجنڈا آئٹمز اور موجودہ راونڈ کے تازہ ایجنڈا پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ دفاعی تعاون اور تربیتی تبادلوں کی موجودہ سطح کو مزید بڑھانے اور جدید ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں تعاون کے نئے شعبوں کا احاطہ کرنے پر باہمی اتفاق کیا گیا۔ اختتامی اجلاس میں پاکستان۔ انڈونیشیا مشترکہ دفاعی تعاون کمیٹی کے اجلاس کا اگلا دور 2023 میں جکارتہ میں بلانے پر باہمی اتفاق کیا گیا۔

32

واضح اور غیر مبہم ہے، خطے میں دیرپا امن کیلئے آزاد، قابل عمل فلسطینی ریاست کا قیام ناگزیر ہے۔ اتوار کو ایک بیان میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان کے کسی وفد کے دورہ اسرائیل کا تصور واضح مسترد کرتے ہیں، زیر بحث دورے کا اہتمام غیر ملکی این جی او نے کیا تھا جو پاکستان میں مقیم نہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ مسئلہ فلسطین پر پاکستان کا موقف واضح اور غیر مبہم ہے، پاکستان فلسطینی عوام کے ناقابل تنسیخ حق خود ارادیت کی مستقل حمایت کرتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ خطے میں دیرپا امن کیل

بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ جمعیت کو کامیابی سے ہمکنار کیا ہے، مولانا عبدالواسع

بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات میں جمعیت علماء اسلام کے مرکزی پارٹی عہدیداروں ضلعی امراء اور کارکنوں کو سراہا دیتے ہوئے خطاب

عوام کی خدمت وفاق صوبے کے بعد ضلعی سطح پر بھی جاری رکھیں گے بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ جمعیت کو کامیابی سے ہمکنار کیا ہے، وفاقی وزیر

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر اور وفاقی وزیر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات میں بڑے پیمانے پر کامیابی حاصل کی جمعیت علماء اسلام کے صوبہ بھر میں کامیابی پر پارٹی عہدیداروں ضلعی امراء اور کارکنوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ بلوچستان کے عوام کی خدمت وفاق صوبے کے بعد ضلعی سطح پر بھی جاری رکھیں گے جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ جمعیت کو کامیابی سے ہمکنار کیا ہے، وفاقی وزیر مولانا عبدالواسع نے بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات میں بڑے پیمانے پر کامیابی حاصل کی جمعیت علماء اسلام کے صوبہ بھر میں

29 مئی کے دھاندلی اور فراڈ الیکشن سے یاد کیا جائے گا، رحیم کاکڑ

مرتضیٰ جونیجو زیادتی پر پی ڈی ایم قیادت سے باز پرس کرے اس کی چوکیداری والی سیاست نہیں منظور نہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کوئٹہ ڈویژن کے صدر سابق سینیٹر عثمان خان کاکڑ نے 29 مئی کے دھاندلی اور فراڈ الیکشن سے یاد کیا جائے گا یہ زیادتی ہمارے ساتھ پی ڈی ایم کی پاپ پارٹی نہیں کی بلکہ پی ڈی ایم، ایم بلیشین میں شامل ذمہ داروں کی ہے اور تمام اتحادیہ ڈپٹی کمشنر اسسٹنٹ کمشنر ڈھیلدراروں، پٹواریوں تک اس شیطانی کھیل میں مصروف تھے۔

بی اے پی کی بلدیاتی انتخابات میں کامیابی حکومت کی کامیاب پالیسیوں کا نتیجہ، صوبائی وزراء بی اے پی

بلدیاتی نمائندوں کو کامیاب امیدواروں بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی سطح پر پہنچانے کے لئے کوشش کریں، محمد خان لہڑی

کوئٹہ (اے این این) کامیاب امیدواروں بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما وصوبائی وزیر برائے کمیونیکیشن حاجی محمد خان لہڑی نے پارلیمانی نیکرٹری میر سکندر عمرانی نے کہا ہے کہ باپ پارٹی کی بلوچستان اور خاص کر ضلع ژوب میں

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما وصوبائی وزیر برائے کمیونیکیشن حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ باپ پارٹی کی بلوچستان اور خاص کر ضلع ژوب میں کامیابی ہماری جدوجہد اور عوام دوست پالیسیوں کا نتیجہ ہے پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے کو فعال کرنے والے کامیاب امیدواران پارٹی کو ضلعی سطح پر پہنچانے کے لئے بھی کوشش کریں۔

کوئٹہ صوبائی خاتون محتسب صابرہ اسلام و بلوچستان بار ایسوسی ایشن کے صدر عبدالمجید کاکڑ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

شہر میں گندے پانی سے 4 کاشت پر تمام فصلوں کو فوری طور پر تلف کیا جائے، کاشتکار بلوچ

گندے پانی سے کاشت فصلوں کی وجہ سے کوئٹہ میں خطرناک مرض جسمیں کینسر سرفہرست ہے پھیل رہا ہے کیونکہ گندے پانی میں خطرناک کیمیکل شامل ہوتے ہیں جو انسانی صحت کیلئے انتہائی مضر ہے

انسانی صحت سے کھیلنے کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی تمام فصلوں کو جلدازجلد تلف کیا جائے اس سلسلے میں زمیندار حکومت کے ساتھ مکمل تعاون کریں، اجلاس سے خطاب

زمینداران میں محمد حسن، آغا محمد اور ملک صادق شامل ہیں انہوں نے کہا کہ ہم کاشتکار ہیں ہمارا تمام تر انحصار زراعت پر ہے ہم نے اپنی زمینوں پر سیوریج کا پانی دیکھ کر ہی کاشت کی ہے ہمارے پاس کوئی اور ذریعہ معاش نہیں ہے ہم نے اپنی زمینوں پر سیوریج کے پانی سے فصلوں کی کاشت پر کوئی پابندی عائد نہیں کی ہے حالت حاضرہ کے حکم پر شہر میں گندے پانی سے کاشت پر تمام فصلوں کو فوری طور پر تلف کیا جائے گا اس سلسلے میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی اور کنزیومر پروٹیکشن کونسل کے حکام کا اجلاس

انتظامیہ متواتر کاروائیاں کر رہی ہیں لہذا تمام کاشتکاروں اور زمینداروں کو چاہیئے کہ وہ اپنی فصلوں کو خود ہی تلف کریں تاکہ زمیندار اپنی ہے کہ سیوریج کے پانی سے فصلوں کی کاشت پر کوئی پابندی آخری فصلیں اٹھائیں اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر عائد نہیں کی جائے گی، یہ حالت حاضرہ کے حکم پر شہر میں کوئٹہ نے ان کے مطالبہ کو تسلی دے رکھی ہے اور انہیں یقین دہانی کروائی ہے کہ کاشت کنندگان کے متعلقہ زمینداران کے خلاف سخت کاروائی نہیں ہوگی۔ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اجلاس میں

بلوچستان کے تمام سرکاری سکولوں میں کتابوں کی کمی کو پورا کیا جائے، داؤد آغا

حکومت کو چاہیئے بچوں کے مستقبل کو بہتر بنانے میں کتابوں کی کمی کو پورا کیا جائے، رحمدل بلوچ

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مڈل پارٹی کے رہنما سید داؤد آغا نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تمام سرکاری سکولوں میں کتابوں کی کمی کو پورا کیا جائے اور ان کو سرکاری سکولوں میں سہولیات دی جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی کارکنوں سے ملاقات میں کیا۔

سرور خان عرف کاکا جی کی 16 ویں برسی کل جون کو منائی جائے، اے این پی کوئٹہ

عوام سردرخان کا کاہی برسی کل 10 بجے تھوہی ریفرنس میں اپنی شرکت یقینی بنائیں، جمال الدین رشید

کوئٹہ (اے این این) عوامی نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں جمال الدین رشید، ظفر علی بلوچ اور ڈپٹی ضلعی شاہی عالم کاکڑ، معین الدین ترین زمان کاکڑ، سید یاسین آغا، خلاق یاری، ملک عرفان

پارٹی صیب شکیلی، غلام کاکا سمی اور صحبت خان نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سردرخان عرف کاکا جی کی 16 ویں برسی پاچغان مرکز کا کاہی برسی میں کیم جون کو منائی جائے گی۔

پرموشن اور اپ گریڈیشن نہ ہونے کیخلاف پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین کی احتجاجی ریلی مظاہرہ

یونین بھاگ کے گرد پریس کلب تک مختلف شاہراہوں پر تمام خان کی قیادت میں احتجاجی مظاہرہ جلوس

کوئٹہ (اے این این) محکمہ مواصلات وتعمیرات پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین کے صدر تمام خان مایار نے کہا ہے کہ 2 کے ملازمین 3 مدوزہ سال سے پرموشن اپ گریڈیشن کا انتظار کر رہے ہیں ہمارے ساتھ ناانصافی کی جارہی ہے ہم اس کیخلاف سراپا احتجاج ہیں ہم کسی صورت اپنا حق ضائع نہیں ہونے دینگے۔

خاران بلدیاتی انتخابات میں آزاد امیدواروں نے میدان مارلیا

خاران (اے این این) بلدیاتی الیکشن کے دوران خاران کے ڈسٹرکٹ کونسل میں بھی سیاسی جماعت خاران میں آزاد امیدواروں نے میدان مارلیا ہے خاران میونسپل کمیٹی خاران اور ڈسٹرکٹ کونسل خاران میں آزاد امیدواروں میں سے بلوچستان عوامی پارٹی، بلوچستان نیشنل پارٹی، جمعیت علماء اسلام، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی، مسلم لیگ، تحریک انصاف پاکستان کے امیدوار کامیاب ہوئے ہیں۔

لاپتہ افراد کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل، سینیٹر عظیم نیازئی سربراہ ہوں گے

رانا ثناء اللہ، مولانا اسعد محمود، شازیہ مری، اسرار ترین اور آغا حسن بلوچ شامل ہوں گے

کمیٹی کا مقصد لاپتہ افراد اور جبری گمشدگیوں سے متعلق ایک واضح پالیسی تشکیل دینا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے لاپتہ افراد کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دیدی ہے، جو کمیٹی کے سربراہ وفاقی وزیر مری، اسرار ترین اور آغا حسن بلوچ شامل ہوں گے

ایکسپریس پی پی آئی کے ارکان قومی اسمبلی کو استعفوں کی تصدیق کیلئے طلب کرلیا

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے مستعفی ارکان کو خط جاری کردیئے گئے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) اپنکیز ایکسپریس پی پی آئی (پی پی آئی) کے ارکان قومی اسمبلی کو استعفوں کی تصدیق کیلئے طلب کرلیا ہے، ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے مستعفی ارکان کو خط جاری کردیئے گئے ہیں کہ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے مستعفی ارکان کو ہدایات جاری کردیئے گئے ہیں ارکان کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ استعفوں کی تصدیق کے لیے 6 جون 2022 کو طلب کرلیا ہے، ترجمان قومی اسمبلی نے بتایا ہے کہ قومی اسمبلی کی تعداد 131 ہے۔ انہوں نے بتایا کہ استعفوں کی تعداد 57 ہے۔

جماعت اسلامی نے پارٹی سے استعفیٰ دے دیا

ڈوشکی (آن لائن) ڈوشکی پارٹی کے سینئر کارکن میر حسن جمالدینی نے جماعت اسلامی پارٹی سے استعفیٰ دے دیا، انہوں نے اپنا کنونشن ہاؤس نامہ بلوچستان پر گفت و شنید کی ہے، ڈوشکی میں بلوچستان عوامی پارٹی کی بڑی کامیابی کے بعد جماعت اسلامی کے کارکنوں کا پارٹی چھوڑنے کا سلسلہ جاری ہے۔

حالیہ بلدیاتی انتخابات میں بی اے پی نے میدان مارلیا، اللہ داد دشتی

تمام منتخب کونسلروں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں، وزیر منصوبہ بندی اے پی

فریدہ اے (اے این این) بلوچستان عوامی دشتی ضلعی صدر اور ڈسٹرکٹ کونسل دشت کے لیڈر حاجی لعل بخش رند نے بھی کامیاب امیدواروں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ حالیہ بلدیاتی الیکشن میں بلوچستان عوامی پارٹی نے جعفرآباد و جھل مگسی میں بھی بڑی کامیابی حاصل کی ہے جعفرآباد میں بی اے پی کے 11 میں سے 10 کونسلرز کامیاب ہوئے ہیں، ضلع چیئرمین اور نائب چیئرمین میں بھی بی اے پی کے امیدوار کامیاب ہوئے ہیں۔

کوئٹہ: بیوٹمز کے ملازمین اپنے مطالبات کے حق میں ریلی نکال رہے ہیں

میونسپل کمیٹی شیرانی اور ضلع کونسل شیرانی کے تمام وارڈز کے نتائج مکمل

جے یو آئی کو برتری حاصل، پشتونخوا میپ 22 پی پی آئی 12 نشستیں حاصل کیں

شیرانی (اے این این) میونسپل کمیٹی شیرانی اور ضلع کونسل شیرانی کے تمام وارڈز کے نتائج مکمل ہو گئے ہیں جے یو آئی کو برتری حاصل ہوئی ہے، 27 کونسلرز کے ساتھ جے یو آئی کے امیدوار مولانا عصمت اللہ خان ہرنوئی کے مطابق ضلع کونسل شیرانی کے چیئرمین منتخب ہوگئے ہیں، ڈپٹی چیئرمین کا الیکشن 2 جون کو ہوگا۔ انتظامات ڈپٹی کمشنر اعجاز احمد کھترڑ اور اسسٹنٹ کمشنر شیخ صحبت اللہ خان سرندیزئی نے مختلف پولنگ اسٹیشنوں کا دورے انتظامات کا جائزہ لیا۔

ڈوشکی، پشتونخوا میپ کے 2 کونسلرز کی حلف برداری

دوران پولنگ حفاظتی انتظامیہ کی جانب زیرست سیکورٹی انتظامات ڈپٹی کمشنر اعجاز احمد کھترڑ اور اسسٹنٹ کمشنر شیخ صحبت اللہ خان سرندیزئی نے مختلف پولنگ اسٹیشنوں کا دورہ کیا، ضلع انتظامیہ کے مطابق ووٹ کی گنتی مکمل ہونے کے بعد ڈوشکی میں 10 نشستوں کے نتائج کا اعلان کیا گیا۔

بلدیاتی انتخابات کا مرحلہ پرامن طریقے سے مکمل ہوا، ڈپٹی کمشنر

ضلع میں 2 لاکھ 30 ہزار ووٹرز نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا، ڈی سی

ڈوشکی (اے این این) ڈپٹی کمشنر ڈوشکی اعجاز احمد کھترڑ نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات کا مرحلہ پرامن طریقے سے مکمل ہوا، ضلع میں 2 لاکھ 30 ہزار ووٹرز نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا، ضلع کونسل ڈوشکی کے 11 حلقوں میں 10 نشستوں پر کامیاب امیدواروں کا اعلان کیا گیا ہے